لوک سبھا انتخابات: پہلے مرحلے کی ووٹنگ

پروفیسر نیلم مہاجن سنگھ

لوک سبھا انتخابات 2024 کے پہلے مرحلہ میں 19/اپریل 2024 کو 63 فیصد پولنگ ہوئی۔ لوک سبھا الیکشن کے پہلے مرحلہ میں 21 صوبوں اور مرکز کے زیر انتظام ریاستوں کی 102 سیٹوں پر پولنگ ریکارڈ کی گئی۔ چیف الیکشن کمشنر راجیو کمار نے یہ جانکاری فراہم کرائی۔ یہ ہندوستان کی جمہوریت کی ایک اہم علامت ہے کہ سیاسی پارٹیوں کی آپسی نوک جھونک کے باوجود ہندوستان کے عوام نے ووٹ دینے کے حق کا استعمال کیا۔ الزامات اور جوابی الزامات تو انتخابات میں لگائے ہی جاتے ہیں، خاص طور پر ایشوز سے ہٹ کر کسی خاص شخصیت پر یہ الزامات لگائے جاتے ہیں۔ کانگریس، بی جے پی اور دوسری پارٹیوں میں آیا رام گیا رام کا سلسلہ چلتا رہا۔ پھر ووٹنگ مشین کی غیر جانبداری پر بھی سوالیہ نشان لگایا گیا۔

ہندوستان کی سیاست اور یہاں کی جمہوریت دنیا کا سب سے عظیم نظام ہے۔ انتخابات میں جن ایشوز پر الیکشن لڑے جاتے ہیں وہ ایشوز شخصیات اور پالیسیوں کو لے کر لڑے جاتے ہیں۔

لوک سبھا انتخابات 2024 کے پہلے مرحلہ میں 19/اپریل 2024 کو 63 فیصد پولنگ ہوئی۔ لوک سبھا الیکشن کے پہلے مرحلہ میں 21 صوبوں اور مرکز کے زیر انتظام ریاستوں کی 102 سیٹوں پر پولنگ ریکارڈ کی گئی۔ چیف الیکشن کمشنر راجیو کمار نے یہ جانکاری فراہم کرائی۔ یہ ہندوستان کی جمہوریت کی ایک اہم علامت ہے کہ سیاسی پارٹیوں کی آپسی نوک جھونک کے باوجود ہندوستان کے عوام نے ووٹ دینے کے حق کا استعمال کیا۔ الزامات اور جوابی الزامات تو انتخابات میں لگائے ہی جاتے ہیں، خاص طور پر ایشوز سے ہٹ کر کسی خاص شخصیت پر یہ الزامات لگائے جاتے ہیں۔ کانگریس، بی جے پی اور دوسری پارٹیوں میں آیا رام گیا رام کا سلسلہ چلتا رہا۔ پھر ووٹنگ مشین کی غیر جانبداری پر بھی سوالیہ نشان لگایا گیا۔ مغربی بنگال میں پہلے مرحلہ میں خوب ووٹنگ ہوئی۔ جمہوریت کے سب سے بڑے اس تہوار کی شروعات ہو ہی گئی ہے۔ انتخابی اعداد و شمار میں لڑائی خاص طور پر این ڈی اے بنام انڈیا اتحاد کے درمیان ہے۔ پہلے مرحلے میں نریندر مودی سرکار کے 8 وزرا کی قسمت داؤ پر لگی ہوئی ہے۔ الیکشن کمیشن کی ڈیٹ شیٹ کے مطابق الیکشن 7 مرحلوں میں ہوگا۔ جس کے نتیجے 4/جون 2024 کو آئیں گے۔ اس دوران مغربی بنگال سمیت کچھ مقامات پر مقامی سطح پر کچھ تشدد کے واقعات کی اطلاعات آئی ہیں۔ وہیں چھتیس گڑھ میں ایک گرینڈ لانچر کے گولے میں دھماکہ ہونے سے سی آر پی کے ایک جوان کی موت ہوگئی ہے۔ شام 6 بجے تک قطاروں میں لگے لوگوں کو ووٹ ڈالنے کی اجازت دی گئی۔ ووٹ ڈالنے کے لئے سبھی رائے دہندگان کا شکریہ کیونکہ ووٹ دینے کی کوشش بھی بہت ہی اہمیت کی حامل ہے۔ پہلے مرحلے کے الیکشن کے بعد جو فیڈ بیک ملا ہے اس سے صاف ہے کہ ملک کے عوام پوری سنجیدگی اور عزم مصمم کے ساتھ ہندوستان کے جمہوری نظام میں اپنا اعتماد ظاہر کر رہے ہیں۔ نفرت یا پیار کی دکان کے کوئی بھی سامان سے متاثر ہوتے ہوئے رائے دہندگان نظر نہیں آئے ہیں۔ مدھیہ پردیش کے چیف الیکشن کمشنر انوپم راجن نے بتایا ہے کہ مدھیہ پردیش کے چھندواڑہ میں سب سے زیادہ پولنگ ہوئی ہے۔ یہ کمل ناتھ کا علاقہ ہے۔ الیکشن کمیشن کے مطابق اب تک سدھی میں 56 فیصد، شہڈول میں 64 فیصد، جبل پور میں 59 فیصد، منڈلا میں 72 فیصد، بالا گھاٹ میں 72 فیصد، چھندواڑہ میں 78 فیصد پولنگ ہوئی ہے۔ سبھی پولنگ اسٹیشنوں پر بہت پرامن انداز میں پولنگ ہوئی ہے۔ منی پور کے کچھ اضلاع میں کچھ وارداتوں کی اطلاعات کو چھوڑ کر مجموعی طور پر پولنگ پرامن رہی۔ پردیپ جھا جو کہ منی پور کے چیف الیکشن کمشنر ہیں یہ اطلاعات فراہم کرائی ہیں۔ ای وی ایم کو کچھ نقصان پہنچانے، کچھ مجرمانہ دھمکیاں دینے یا ووٹروں کو متاثر کرنے کی کوششوں کی اطلاعات ملی ہیں۔ مغربی بنگال میں رائے دہندگان میں خوب جوش و خروش دکھائی دیا۔ اتر پردیش میں آٹھ لوک سبھا سیٹوں پر پہلے مرحلے کے لئے پولنگ ہوئی۔ آسام میں 60.70 فیصد، بہار میں 39.73 فیصد، چھتیس گڑھ میں 58.14 فیصد، مدھیہ پردیش میں 53.40 فیصد پولنگ ہوئی۔ بہار کے سابق نائب وزیر اعلیٰ اور آر جے ڈی کے لیڈر تیجسوی یادو نے کہا ہے کہ ہم پہلے مرحلے کی چاروں سیٹوں پر الیکشن جیت رہے ہیں۔ لوگ بڑھ چڑھ کر ووٹ ڈال رہے ہیں۔ موجودہ سرکار سے لوگ ناراض ہیں۔ بہار اس بار چونکانے والے نتائج دے گا۔ سی ای آئی راجیو کمار نے نوجوانوں سے کہا کہ آپ خوشی محسوس کریں گے یہ میری گارنٹی ہے۔ پہلے مرحلے کے لئے پولنگ اسٹیشنوں پر ماک پولنگ کی کارروائی کی گئی۔ پہلے مرحلے میں مرکزی وزیر نتن گڈکری نے ناگپور کے ٹاؤن ہال میں اپنے پورے خاندان کے ساتھ ووٹ ڈالا۔ پولنگ میں جو شرح رہی ہے اس کے مطابق لکشدیپ میں سب سے کم 16.33 فیصد ووٹ ڈالے گئے۔ جبکہ تری پورہ میں 33.28 فیصد پولنگ کی شرح رہی۔ ناگالینڈ کے وزیر اعلیٰ نیفیو ریو نے کوہیما کے پولنگ اسٹیشن پر اپنا ووٹ ڈالا۔ دنیا کی سب سے چھوٹی خاتون جیوتی اونگے نے ناگپور میں ووٹ ڈالا۔ پی ایم نریندر مودی نے کہا کہ آج پہلے مرحلے کا الیکشن ہو رہا ہے۔ یہ جمہوریت کے سب سے بڑے تہوار کا پہلا دن ہے۔ میری سبھی رائے دہندگان سے اپیل ہے کہ وہ آئین کے ذریعہ دیے گئے اس حق کو استعمال کریں۔ خاص طور پر میں اپنے نوجوانوں سے اپیل کروں گا جو پہلی بار ووٹ ڈالنے جا رہے ہیں کہ وہ ایسا موقع ہاتھ سے نہ جانے دیں وہ ضرور ووٹ کریں۔

ایم این ایم چیف کمل ہاسن نے چنئی میں اپنا ووٹ ڈالا۔ نتن گڈکری نے کہا کہ ہمیں ووٹ ڈالنا چاہئے۔ یہ ہمارا بنیادی حق ہے اور ہمارا فرض بھی ہے۔ میں 101 فیصد یقین کے ساتھ کہہ سکتا ہوں کہ میں اچھے فرق سے الیکشن جیتوں گا۔ اروناچل پردیش کے وزیر اعلیٰ پیما کھانڈو نے بھی ووٹ ڈالا۔ اتراکھنڈ میں ایک نئے شادی شدہ جوڑے نے پوڑی گڑھوال کے ایک پولنگ اسٹیشن پر اپنے حق رائے دہی کا استعمال کیا۔ اودھم سنگھ نگر میں اتراکھنڈ کے وزیر اعلیٰ پشکر سنگھ دھامی نے پولنگ بوتھ نمبر 100 جو کہ راجکیہ آدرش پراتھمک ودیالیہ ہے میں ووٹ ڈالا۔ یہ پولنگ اسٹیشن کھٹنی کے مقام پر ہے۔ پڈوچیری کے وزیر اعلیٰ ایم رنگاسوامی موٹر سائیکل پر سوار ہو کر اپنے ووٹ ڈالنے کے لئے پڈوچیری کے ڈیلارش پیٹ میں ایک پولنگ اسٹیشن پر پہنچے۔ مرکزی وزیر اور بیکانیر لوک سبھا حلقہ سے بی جے پی کے امیدوار ارجن رام میگھوال نے ووٹ ڈالا۔ جورہاٹ لوک سبھا سیٹ سے کانگریس کے امیدوار گورو گگوئی نے اپنا ووٹ ڈالا۔ تمل ناڈو کے وزیر اعلیٰ اور ڈی ایم کے چیف ایم کے اسٹالن نے چنئی میں ووٹ ڈالا۔ راجستھان کے وزیر اعلیٰ بھجن لال شرما نے پہلے مرحلے میں اپنا ووٹ ڈالا۔ اداکار رجنی کانت نے تمل ناڈو کے چنئی میں ایک پولنگ اسٹیشن پر اپنا ووٹ ڈالا۔ شیوگنگا تمل ناڈو سے سابق وزیر اور مرکزی لیڈر پی چدمبرم نے بھی ووٹ ڈالا۔ جمہوریت میں ہر ووٹ قیمتی اور ہر آواز کی اہمیت ہوتی ہے۔ اس موقع پر پی ایم مودی نے ایکس پر پوسٹ کیا۔ مودی نے لکھا کہ جمہوریت کا سب سے بڑا تہوار آج سے شروع ہو رہا ہے۔ لوک سبھا الیکشن کے پہلے مرحلے کے الیکشن میں 21 ریاستوں اور مرکز کے زیر انتظام علاقوں میں 102 سیٹوں کے لئے ووٹ ڈالے جائیں گے۔ ان سبھی سیٹوں کے ووٹروں سے میری درخواست ہے کہ وہ اپنے حق کا استعمال ضرور کریں اور ووٹنگ کا نیا ریکارڈ بنائیں۔ پہلی مرتبہ ووٹ دینے جا رہے اپنے نوجوان ساتھیوں سے میری خاص طور پر اپیل ہے کہ وہ بڑی تعداد میں ووٹ ڈالیں۔ جمہوریت میں ہر ووٹ قیمتی ہوتا ہے اور ہر آواز کی اہمیت ہے۔ نریندر مودی۔

آر ایس ایس کے سربراہ موہن بھاگوت نے بھی اپنے ووٹ کے حق کا استعمال کیا۔ سی ای سی راجیو کمار نے کہا کہ یہ دیکھ کر بہت جوش و خروش ہے کہ نوجوانوں نے ووٹ ڈال کر جمہوری نظام میں حصہ لیا۔ نوجوانوں کے درمیان بہت ساری بیداری پیدا کرنے والی سرگرمیاں شروع کرنی ہے تاکہ کسی بھی طرح کی مایوسی ہو تو ہمیں ناکامی کا احساس نہ ہو۔ اس بار ہمارے نوجوان ووٹرس نہ صرف اکیلے آنے والے ہیں بلکہ ان سے اپیل کی گئی ہے کہ وہ ملک کے سفیر بنیں۔ پرکشش شخصیت بنیں۔ جتنا ممکن ہو سکے اپنے دوستوں، خاندان والوں کو پولنگ اسٹیشن پر لائیں اور اس جوش و خروش سے لطف اندوز ہوں۔ اپنی سرکار چننے کی ذمہ داری محسوس کریں۔ اس طرح اروناچل پردیش، آسام، بہار، چھتیس گڑھ، مدھیہ پردیش، راجستھان، مہاراشٹر، منی پور، میگھالیہ، میزورم، سکم، تمل ناڈو، تری پورہ اتر پردیش، اتراکھنڈ، مغربی بنگال، انڈمان نکوبار، جموں و کشمیر، لکشدیپ، پڈوچیری ریاستوں میں الیکشن ہو چکے ہیں۔ الیکشن زندگی کی علامت ہے جس میں ذات، مذہب، سماجی عدم مساوات وغیرہ سے اوپر اٹھ کر ہر شخص کو اپنی مرضی کے مطابق ووٹ ڈال کر اپنے سیاسی نمائندوں کو چننے کا اختیار حاصل ہے۔ یہ ہندوستان کی آئین کی سب سے اہم بنیاد ہے۔ ہم بھارت کے لوگ۔

(مضمون نگار ماہرین قانون،
سینئر صحافی اور سماجی مبصر ہیں)

گرمی کے موسم میں راحت افزا تدابیر

ڈاکٹر اخلاق احمد

تمام موسموں میں گرمی کا موسم بہت شدید ہوتا ہے جیسا کہ اس کے نام سے ہی ظاہر ہے یہ موسم درمیانی مارچ سے شروع ہو کر جولائی کے مہینہ تک رہتا ہے لیکن اپریل سے جون تک اس کی گرمی شباب پر رہتی ہے اس موسم میں دن بڑے اور رات چھوٹی ہوتی ہے دوسرے موسموں کے مقابلہ میں گرمی کا موسم زیادہ دن تک رہتا ہے۔ گرمی سے پیدا ہونے والی بیماریاں، تیز بخار، پیاس، خون میں گرمی، بدن میں کھجلی، معدہ و آنتوں کی سوزش (Gastro Enteritis) اسی موسم میں زیادہ ہوتی ہیں جس کی وجہ سے جسم انسانی میں پانی کی کمی (Dehydration) اور اسی کے ساتھ صحت بخش مادوں (Electrolytes) میں عدم توازن پیدا ہو جاتا ہے جو کہ صحت کے لئے ایک سنگین مسئلہ ہوتا ہے۔

دن میں پانی بہ کثرت پئیں تاکہ جسم میں پانی کی کمی نہ ہو۔ آپ رس دار پھلوں جیسے خربوزہ، تربوز، ککڑی، کھیرا، لیچی آڑو وغیرہ کا استعمال کریں۔ یہ آپ کو جسم میں پانی کی کمی سے محفوظ رکھیں گے اور اس کے علاوہ آپ کے جسم میں بہت سے حیات بخش وٹامنز اور معدنیات ان پھلوں کے استعمال سے داخل ہو جائیں گے جو آپ کو آگے چل کر مختلف امراض سے محفوظ رکھیں گے۔ زیادہ میٹھے مشروبات اور سوڈے وغیرہ سے پرہیز رکھیں کیونکہ یہ بعد میں خشکی اور پیاس پیدا کر سکتے ہیں۔ لہٰذا ایسے مشروبات سے بچیں جو جسم میں مزید پانی کی کمی کا سبب بن جائیں۔ مثلاً چائے میں کیفین کی مقدار کافی ہوتی ہے اس کے علاوہ تیز دھوپ میں چلنے پھرنے سے بچیں۔ سائے دار جگہوں کا استعمال کریں۔ مناسب اور صحت بخش ہلکی غذائیں استعمال کریں۔

بہتر ہوگا کہ دھوپ کی شدت کے وقت صبح 11-10 بجے سے دوپہر 4-3 بجے تک چلنے پھرنے کے کاموں سے بچا جائے تاکہ دھوپ کا جسم پر برا اثر نہ پڑے۔ دھوپ کے چشمہ کا استعمال کریں۔ اور سوتی کپڑے زیب تن کرنے کی کوشش کریں۔ بالوں کو زیادہ نہ بڑھائیں ہلکے بال رکھیں اور دھوپ کے وقت سر ڈھک کر چلیں۔ گرمی کے دنوں میں ہماری صحت کے لئے بہت سے خطرات ہوتے ہیں مثلاً تسمم غذائی (Food Poisoning) دل ڈوبنا، گرمی کی وجہ سے جلد پر الرجی کا ہونا۔ دھوپ کی گرمی سے جھلسنا اور سفر کی تھکان۔ گرمی کے موسم میں ہمارے جسم میں مختلف وجوہات سے پانی کی کمی آجاتی ہے جس کا فوری تدارک ضروری ہوتا ہے تاکہ جسم کے مقوی سیالات (Electrolytes) میں عدم توازن نہ پیدا ہو اور ہمارے جسم میں ضروری نمی (Hydration) موجود رہے۔ گرمی کے موسم میں اکثر کھانے پینے والی اشیاء میں پانی کی زیادتی پائی جاتی ہے پانی کی زیادتی والے پھلوں میں جسم میں ٹھنڈک پہنچانے کی صلاحیت ہوتی ہے اور قدرت کی طرف سے ان میں معدنیات، (Minerals) وٹامنز اور دوسرے غذائی مادّے (Nutrients) سے بھرپور ہوتے ہیں جیسے کہ ناریل پانی مزے دار قدرتی مشروب ہونے کے ساتھ ساتھ جسم کو طاقت دیتا ہے۔ موسم گرما میں جسم کے اندر مقوی سیالات (Electrolytes) کا تناسب درست رکھنے کے لئے وٹامنز اور منرلز سے بھرپور ناریل کا پانی بہت فائدہ مند ثابت ہوتا ہے۔

دہی: گرمی کے موسم میں ہاضمہ درست رکھنے اور معدہ و آنتوں کو سکون دینے کے لئے دہی کو ایک عمدہ Probiotic کہا جا سکتا ہے۔

چھاچھ: گرمی کے موسم میں چھاچھ (Butter milk) کے استعمال سے جسم میں ٹھنڈک کا احساس، پیشاب کی جلن کا خاتمہ اور جسم کے Dehydration میں بہت فرق پڑتا ہے اور دھوپ کی گرمی (لُو) لگنے کے امکانات بھی کم ہو جاتے ہیں۔

آم: یہ ایسا پھل ہے جو لذیذ ہونے کے ساتھ ساتھ بہت سے صحت مند فوائد کا حامل پھل ہے۔ اس میں بہت سے وٹامنز اور منرلز جیسے آئرن اور میگنیشم کا قدرتی ذریعہ کہا جا سکتا ہے۔ جسم کی امیون سسٹم کو بڑھاتا اور ایک Anti Oxidant پھل ہے۔

تربوز: گرمی کے موسم میں اس پھل کے تصور کے بغیر ہم گرمیوں میں ٹھنڈک نہیں حاصل کر سکتے کیونکہ قدرت نے سخت گرمی میں اس پھل کو بہت سے Nutrients کے ساتھ پیدا کیا ہے اور گرمیوں میں ہی اسے استعمال کرنے کے بعد نہ صرف لطف اندوز ہوا جا سکتا ہے بلکہ اس میں موجود غذائیت بخش مادوں کے فوائد بھی حاصل کئے جا سکتے ہیں جیسے کہ بدنی عضلات میں طاقت (Tone up body muscles) پیاس میں سکون وغیرہ۔

کھیرا (Cucumber): قدرت نے کھیرے میں بہت سے معدنیات اور پانی کا ذخیرہ رکھا ہے جس کی تاثیر ٹھنڈی ہوتی ہے۔

لیموں پانی: گرمی کے موسم میں ٹھنڈا لیموں پانی بھی بہت راحت پہنچاتا ہے پیاس کی شدت و گرمی کو کم کرتا ہے۔

اس کے علاوہ خربوزہ، شہتوت، فالسہ، لوکاٹ، آڑو وغیرہ گرمیوں میں ہی پیدا ہونے والے پھل ہیں۔ جن کے استعمال سے گرمی میں راحت ملتی ہے اور ان میں موجود قدرت کی غذائیت وٹامنز اور منرلز سے بھرپور خزانہ ہماری جسمانی کمزوری کو بھی دور کرتا ہے۔ یہاں میں ایک پرانی روایتی چیز جسے ہم ستو کے نام سے بھی جانتے ہیں کئی قسم کے ہوتے ہیں ان کو بھی تھوڑا چینی اور برف شامل کر کے گرمیوں میں استعمال کرتے ہیں۔ کبھی کبھی ذائقہ کے لحاظ سے اس میں معمولی ہرا دھنیا یا پودینہ کی پتیاں بھی شامل کر لی جاتی ہیں۔ آلو بخارہ، املی اور گڑ کی شکر شامل کر کے بھی شربت بنا لیا جاتا ہے اور اس میں برف ڈال کر پیا جاتا ہے۔ اس کے علاوہ فالسہ کا شربت، بیل گری کا شربت بھی اپنے ذائقہ اور مسکن عطش اثرات کی وجہ سے گرمیوں میں اپنی منفرد شناخت رکھتے ہیں۔

hakeemakhlaqahmed@gmail.com

تلخیاں

حمنہ کبیر

☆ دہشت گردوں کے ہاتھوں پاکستانیوں نے بہت نقصان اٹھایا۔ امریکی محکمہ خارجہ
......اور آپ نے فائدہ۔

☆ بدلتے بھارت میں چندا دینے والوں کی سنی جائے گی ووٹ دینے والوں کی نہیں۔

☆ جب آپ بے روزگار ہیں تو بچے کیوں پیدا کر رہے ہیں۔ بی جے پی امیدوار دنیش لال نرھوا
جب آپ حکومت میں ہیں تو روزگار پیدا کیوں نہیں کر رہے ہیں؟

☆ غلطی کنگنا رناوت کی نہیں بلکہ یہاں بھی نہرو جی کی ہی ہوئی کہ وہ ملک کے پہلے وزیر اعظم بن گئے۔

☆ نوجوان فیصلہ کریں کہ انہیں کانوڑ چاہئے یا کرفیو: وزیر اعلیٰ یوگی آدتیہ ناتھ
جناب نوجوانوں کو نوکری چاہئے، بہترین علاج چاہئے، سہولت چاہئے اور خاص طور پر وقت پر امتحانات چاہئیں۔

☆ شمالی بنگال کے لئے بی جے پی نے کچھ بھی نہیں کیا۔: ممتا بنرجی
......کرنا تو 'بہت کچھ' چاہا......لیکن آپ نے کرنے نہیں دیا۔

☆ ساون میں میٹ کھانے پر اتنا اعتراض نہیں ہے جتنا الیکشن کے دوران کھانے پر ہو جاتا ہے۔

☆ بیوی کو بھوت یا چڑیل کہنا ظلم نہیں ہے۔ پٹنہ ہائی کورٹ
بدلے میں اگر بیوی شوہر کے ساتھ چڑیلوں جیسی حرکت شروع کر دے تب ظلم ہوگا یا نہیں؟

hamnaahvazi@gmail.com

'ایکس' کی دنیا

@Neelam Pandey

بی جے پی ایک گنگا کی طرح ہے۔ آئین گیتا کی طرح نہیں ہے۔ آئین کو قومی مفادات کے لئے بدلا جا سکتا ہے۔
............مرکزی وزیر شیخاوت

@ABP News

400 پار کا نعرہ مشکل ہے۔ بی جے پی کے ایک بڑے لیڈر نے مودی کو لکھا مکتوب اور درج کرایا اپنا اعتراض

@Surbhi

بریکنگ نیوز: پہلے مرحلے کی ووٹنگ سے ایک بات واضح ہوگئی ہے کہ اس مرتبہ این ڈی اے ہار رہی ہے۔
یہ اب 2024 میں واپس نہیں آرہے ہیں۔

@The Hindu

لوک سبھا میں بی جے پی نے 30 فیصد ٹکٹ خارجی لوگوں کو دیے ہیں کیا یہ صورت حال بی جے پی میں بڑی تبدیلی کی بنیاد بنے گی۔ یہ ایک اہم سوال ہے۔

@Brijesh Kalappa

ناگالینڈ: 6 اضلاع کے 400000 ووٹروں نے اپنے حق رائے دہی کا استعمال نہیں کیا ہے۔

@AmoxxicillinFC

کوٹہ میں 26/اپریل کو دوسرے مرحلے کے الیکشن ہو رہے ہیں۔ مگر اندرونی ذرائع بتاتے ہیں کہ اس مرتبہ اوم برلا ڈھول جائیں گے۔ اس مرتبہ کانگریس اس سیٹ کو اپنی پسندیدہ سیٹ بنانے جا رہی ہے۔

@Dr Suresh Chavhanke

برقع میں پولنگ پر پابندی عائد کرو
جمہوریت کو بچاؤ
بند اس پول میں آپ بھی ساتھ دیں

@mrysathmainloon

بھوک بہت وزنی ہوتی ہے اس کے نیچے انسان کی عزت نفس، علم، حکمت، عقل، فکر و دانائی اور حسن سب دب کر مر جاتے ہیں۔

@الحدث

یوکرین پر پیکیج میں یہ بھی شامل ہے کہ ایران کے تیل پر پابندی عائد کر دی جائے گی۔

@قناۃ الجزیرہ

یو این آر ڈبلیو اے کا مرکز جس میں 150 خاندان رہتے ہیں اور تمام وہ لوگ رہتے ہیں جو بے گھر ہیں۔ ایک بت خانے کو اسکول بنایا گیا ہے یہ شمالی غزہ میں ہے۔ یہاں پناہ حاصل کرنے والے لوگ اس بات پر مصر ہیں کہ وہ کہیں اور نہ جائیں۔ یہ لوگ اسرائیل کی فوجی کارروائی کے باوجود غذائی سامان مہیا کراتے ہیں۔ اسرائیل کی فوج کی اڑچنوں کے باوجود یہ مرکز چھوڑنے کے لئے تیار نہیں ہیں۔

@Jairam Ramesh

آج وزیر اعظم ناندیڑ میں ہیں آج یہ دن ان کے 2014 کے اس ویڈیو کو دکھانے اور یاد دلانے کا دن ہے جو انہوں نے اشوک چوہان کے بارے میں کہا تھا۔ اشوک چوہان جو آج راجیہ سبھا کے ایم پی ہیں۔

@BBC News (World)

عراق میں ایک فوجی اڈے پر حملہ جس میں ایران کے حمایت یافتہ مسلح ملیشیا موجود تھے۔

@First Post

حماس کے لیڈر اسماعیل ہانیہ ترکی کے صدر طیب اردگان سے ملاقات کرنے والے ہیں۔ یہ ملاقات ایسے دور میں ہو رہی ہے جب مغربی ایشیا میں زبردست کشیدگی ہے۔

@GeeTV

کنگنا راناوت نے کہا کہ ان کو ہماچل پردیش کی طرح کی چھوٹی جگہیں پسند نہیں ہیں۔ انہوں نے ہماچل پردیش کے برانڈ ایمبیسڈر کے لئے 45 لاکھ روپے یومیہ کا مطالبہ کیا تھا۔ وہ 4/جون کے بعد ممبئی لوٹ جائیں گی۔
کانگریس کے امیدوار وکرم دتیہ سنگھ کا بیان

@The New Arab

اسرائیل کے فوجیوں نے مغربی کنارے پر نور الشمس رفیوجی کیمپ پر لگاتار دوسرے دن بھی حملہ برقرار رکھا۔ اس لڑائی میں لوکل ملیشیا کے 5 لوگ مارے گئے ہیں۔

@VDA Urdu

امریکہ یوروپی یونین اور برطانیہ نے ایران کے خلاف نئی تعزیرات کا اعلان کر دیا ہے۔

@Saurabh Bhardwaj

تہاڑ جیل افسر سیدھا کیوں ایل جی کو رپورٹ کر رہے ہیں۔

@The Jerusalem Post

جنوبی لبنان میں اسرائیل نے حزب اللہ کے ٹھکانوں کو نشانہ بنایا ہے۔

@Aaj Tak

میرٹ کے الیکشن میں کانگریس پارٹی دے گی عام آدمی پارٹی کو حمایت۔

@Hindustan Times

ایک مشترکہ ریلی میں اکھلیش یادو نے کہا ہے کہ مغربی یوپی سے تبدیلی کی ہوائیں چلیں گی۔

@Sprinter Factory

جنوبی لبنان میں اسرائیل نے حملہ کیا ہے۔

@The Lallan Top

سی جے آئی ڈی وائی چندر چوڑ نے پچھلے سال بنے تین نئے قانون کی تعریف کی ہے۔ سی جے آئی نے ان قانونوں (آئی پی سی، سی آر پی سی اور شواہد قانون) کی تعریف کرتے ہوئے کہا ہے کہ یہ سماج کے لئے بے حد ضروری ہے۔

☆☆☆

ایکس پر چلنے والے ٹرینڈ قارئین کی دلچسپی کیلئے پیش کئے جا رہے ہیں
ایکسیوزر کے ذریعہ ظاہر کی گئیں آراء ان کی ذاتی ہیں اور ادارہ اس کیلئے کسی طرح ذمہ دار نہیں